Department of
Education
Chancellor David C. Banks

8 فروری، 2023

عزیزی اہلِ خانہ،

مئیر کے پیر کو کیے گئے اعلان کے مطابق، نیویارک شہر بورڈ برائے صحت سے اس ہفتے شہر کے موجودہ ویکسینیشن کے مطلوبات میں تبدیلیاں کرنی متوقع ہیں۔ خاص طور پر، 10 فروری، 2023 سے، نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) عملے اور محکمئہ تعلیم کے اسکولوں اور عمارتوں میں دیگر افراد - بشمول ملاقاتی اور خاندان کے اراکین سے COVID-19 کے خلاف ویکسینیشن کا ثبوت دکھانا اب درکار نہیں ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ COVID-19 ویکسینیشن محکمئہ تعلیم عملے اور محکمئہ تعلیم کی عمارتوں میں کام کرنے والے دیگر افراد، اور ساتھ ہی اسکول کی تقریبات جیسے فیلڈ ٹرپس میں رضاکاران اور اسکول کی عمارتوں کی سرگرمیوں میں حصہ لینے والے دیگر افراد کے لیے اختیاری ہوگی۔

اسکول ماسک فراہم کرنا جاری رکھیں گے اور COVID-19 کے ٹیسٹ طلبا اور عملے میں تقسیم کرنے کے لیے دستیاب ہونگے۔ یہ ٹیسٹ طلباء، عملہ اور خاندان کے اراکین کے ذریعے ٹیسٹ کرنے کے لیے استعمال کیے جاسکتے ہیں، علامات کی وجہ سے، یہ معلوم ہونے پر کہ (وائرس سے) سامنا ہوا ہے، یا ایک زیادہ خطرے والی سرگرمی میں حصہ لینے پر (جیسے سفر کرنا یا بڑے اجتماعات)۔

بطور یاد دہانی، COVID-19 سے نمٹنے اور ہمارے اسکولوں کو تمام طلبا کے لیے محفوظ رکھنے کے لیے COVID-19 کی ویکسینیشن کی تجدید کراتے رہنا ابھی بھی ہمارے پاس بہترین آلہ ہے۔ 6 مہینے اور اس سے بڑی عمر کے بچے COVID-19 سے بچاؤ کی ویکسین لگوانے کے اہل ہیں۔ تجدید کردہ بائی ویلنٹ COVID-19 ویکسین بوسٹر اب 6 ماہ اور زائد عمر کے افراد کے لیے دستیاب ہیں۔ ہم تمام اہل افراد کی بوسٹرز لگوانے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ اگر آپ کا بچہ اہل ہے لیکن COVID-19 سے بچاؤ کے لیے اب تک ویکسین نہیں لگوائی ہے، براہِ مہربانی vaccinefinder.nyc.gov پر ایک وقت طے کرنے کے موقع کو استعمال کریں یا اپنے نزدیک ایک ویکسین سائٹ تلاش کرنے کے لیے 311 پر کال کریں۔ آپ مزید معلومات ذیل میں تلاش کرسکتے ہیں:
nyc.gov/site/doh/covid/covid-19-vaccines.page#boost براہِ مہربانی COVID-19 ویکسینیشن شیڈول کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ذیل پر جائیں: cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/vaccines/stay-up-to-date.html
ہماری موجودہ covid معلومات سے باخبر رہنے کے لیے براہِ کرم ذیل پر جائیں:
schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness/health-services

COVID-19 اور دیگر وائرسز کے خلاف بچاو کے لیے، اور محکمئہ صحت کے حالیہ مشورے کے مطابق ہم پُرزور تجویز کریں گے کہ پُرہجوم جگھوں، عوامی اندرونی جگھوں، بشمول اسکول میں ہرایک کو چاہئیے کہ ہر وقت ماسک پہنیں، اکثر ہاتھ دھوئیں؛ اور کھانستے یا چھینکتے وقت اپنے منہ اور ناک کو ایک ٹشو سے ڈھانپیں۔

اس تبدیلی کے بارے میں مزید معلومات ذیل میں شامل ہے۔

آپ کی مستقل شراکت کا شکریہ۔

بخلوص،

نیویارک شہر محکمئہ تعلیم

Department of
Education
Chancellor David C. Banks

کیا والدین - اساتذہ کانفرنسز خود موجودگی (اِن پرسن) میں ہونگیں؟
والدین - اساتذہ کانفرنسز ریموٹلی منعقد ہونا جاری رہیں گی، اگرچہ والدین اور نگہداشت فراہم کنندگان ہمیشہ ایک باہمی طور پر متفق تاریخ اور وقت میں خود موجودگی میں کانفرنس کی گزارش کرسکتے ہیں۔

کیا اسکا مطلب یہ ہے کہ بغیر ویکسین والے والدین اسکول میں داخل ہوسکتے ہیں؟ PSAL کھیلوں میں شرکت کرسکتے ہیں؟
جی ہاں، اسکا مطلب ہے کہ بغیر ویکسین والے والدین اور برادری کے ممبران اسکول میں داخل ہوسکتے ہیں اور پبلک اسکول کھیلوں کی لیگ (PSAL) کے کھیل اور دیگر سرگرمیوں میں شرکت کرسکتے ہیں جو اسکول عمارتوں میں واقع ہوتے ہیں۔

اس سے اسکولوں میں ہونے والی PSAL اور دیگر کھیل کی سرگرمیوں پر کیا اثر پڑتا ہے؟
جیسا کہ ستمبر 2022 میں اعلان کیا گیا تھا، طلبا کو زیادہ خطرے والے کھیلوں اور غیر نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے اب مکمل طور پر ویکسین شدہ ہونا لازمی نہیں ہے۔